SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# PRESS RELEASE

For immediate release
October 8, 2021

## ایس ای سی پی میں **2,223** نئی کمپنیاں رجسٹرڈ؛20 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا

اسلام آباد (اکتوبر 8): سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے ستمبر 2021 میں دو ہزار دو سو تئیس نئی کمپنیاں رجسٹر کیں جو کہ گزشتہ مالی سال کے اسی ماہ میں ہونے والی کمپنی رجسٹریشن کے مقابلہ میں 20 فی صد اضافے کو ظاہر کرتی ہیں۔ نئی رجسٹر ہونے والی کمپنیوں کا مجموعی اداشدہ سرمایہ کی حد 2.8 ارب روپے ہے۔ نئی رجسٹریشن کے بعد کمپنیوں کی کل تعداد 1,52,089 ہو گئی ہے۔

ستمبر میں رجسٹر ہونے والی کمپنیوں میں 65 فیصد کمپنیاں پرائیویٹ لمیٹڈ، 32 فیصد سنگل ممبر کمپنیاں جبکہ بقیہ تین فیصد کمپنیوں میں پبلک ان لسٹڈ، غیر منافع بخش ادارے اور لمیٹڈ لائیبلٹی پارٹنرشپ شامل ہیں۔ اس ماہ تقریباً 99 فیصد کمپنیاں آن لائن رجسٹر ہوئیں جن میں سے 210 کمپنیاں بیرون ملک سے رجسٹرڈ کی گئیں۔

سب سے زیادہ کمپنیاں رئیل سٹیٹ اور تعمیرات کے شعبے میں رجسٹرڈ ہوئیں جن کی تعداد 377 ہے۔ انفرمیشن ٹیکنالوجی میں 316، تجارت کے شعبے میں 310، خدمات میں 209، فوڈ اینڈ بیوریج میں 85، ٹیکسٹائل اور ای کامرس میں 74، ایجوکیشن میں 66، مارکیٹ اینڈ ڈیلوپمنٹ 54، کارپوریٹ ایگریکلچر فارمنگ 53، ادویہ سازی میں 52، انجنئیرنگ میں 46، ہیلتھ کیئر میں 45، سیاحت میں 43، آٹو اینڈ الائیڈ اور کیمیکل میں 38، ٹرانسپورٹ میں 37، کان کنی اور بجلی کی پیداوار میں 30، پیپر اینڈ بورڈ میں 27، لاگنگ (کندہ کشی) 26، کاسمیٹک اینڈ ٹائلیٹریز میں 23، فیول اینڈ انرجی میں 19 ، کیبلز اینڈ الیکٹرک گڈز 18، کمیونیکیشن میں 17، سٹیل اینڈ الائیڈ اور ووڈ پراڈکٹس 16، براڈکاسٹنگ اور ٹیلی کاسٹنگ 15، جبکہ بقیہ 69 کمپنیاں دیگر شعبوں میں رجسٹر ہوئیں۔

---

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005

علاوہ ازیں اس ماہ 61 نئی کمپنیوں میں غیر ملکی سرمایہ کاری ہوئی۔ ان کمپنیوں کے سرمایہ کاروں کا تعلق آسٹریلیا، کینیڈا، چین، ڈومینیکن ریپبلک جرمنی، ہانگ کانگ، عراق، اردن، جنوبی کوریا، پیراگوئے، قطر، روس، سودی عرب، سپین، سوئزرلینڈ، تائیوان، ترکی، متحدہ عرب امارات، برطانیہ، امریکہ اور زامبیا سے ہے۔